سوال

تشہد سے متعلق قصہ کے بارے میں کیا یہ کہنا صحیح ہے کہ یہ معراج کے موقع پر ہوا تھا؟

جواب

الحمد للہ

معراج نبوی کے واقعہ کو تشہد کی اصل حقیقت قرار دینا بے بنیاد بات ہے، شریعت میں اس کا کوئی تصور نہیں ہے۔

دائمی فتوی کمیٹی کے علمائے کرام سے پوچھا گیا:
"جو تشہد ہم نماز میں پڑھتے ہیں، کیا یہ وہی تشہد ہے جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے شب معراج کو سدرۃ المنتہی کے پاس سجدہ کی حالت میں پڑھا تھا؟
توانہوں نے جواب دیا:
"ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: "رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے تشہد سکھایا اس وقت میرا ہاتھ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی دونوں ہتھیلیوں کے درمیان میں تھا بالکل اسی طرح جیسے آپ مجھے قرآن کی سورت سکھا رہے ہوں: "اَلتَّحِیَّاتُ لِلّٰہِ وَالصَّلَوَاتُ وَالطَّیِّبَاتُ السَّلَامُ عَلَیْکَ أَیُّہَا النَّبِیُّ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہُ السَّلَامُ عَلَیْنَا وَعَلَی عِبَادِ اللّٰہِ الصَّالِحِیْنَ، أَشْہَدُ أَنْ لَااِلَہَ اِلَّا اللّٰہُ وَأَشْہَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہُ وَرَسُوْلُہُ"[تمام زبانی، بدنی، اور مالی عبادات اللہ تعالی کیلیے ہیں، اے نبی! آپ پر اللہ تعالی کی جانب سے سلامتی، رحمتیں، اور برکتیں نازل ہوں، ہم پر اور اللہ تعالی کے تمام نیک بندوں پر سلامتی نازل ہو، میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں ہے، اور میں یہ بھی گواہی دیتا ہوں کہ محمد-صلی اللہ علیہ وسلم-اللہ تعالی کے بندے اور رسول ہیں]۔ اس حدیث کو متعدد محدثین نے روایت کیا ہے۔

اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ:

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (جب تم میں سے کوئی نماز میں قعدہ کیلیے بیٹھے تو وہ یہ پڑھے: "اَلتَّحِیَّاتُ...." اور پھر مکمل تشہد کی سابقہ دعا ذکر کی، اور اس میں یہ اضافہ بھی ہے کہ جب نمازی: "وَعَلَی عِبَادِ اللّٰہِ الصَّالِحِیْنَ" [اور اللہ کے صالح بندوں پر سلام ہو] پڑھے تو اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (اگر تم نے یہ پڑھ لیا تو آسمان اور زمین میں اللہ کے تمام صالح بندوں پر سلام پڑھ دیا)، اور اسی روایت کے آخر میں فرمایا کہ: (پھر اپنے لیے جو چاہے اللہ تعالی سے مانگ لے) متفق علیہ

نیز امام احمد نے اس حدیث کو ابو عبیدہ سے، وہ اپنے والد سے، اور وہ عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں تشہد سکھایا اور لوگوں کو مکمل تشہد سکھانے کا حکم بھی دیا۔

امام ترمذی کہتے ہیں: ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث تشہد کے بارے میں سب سے زیادہ صحیح حدیث ہے، اکثر صحابہ، تابعین اور اہل علم کا اس پر عمل ہے۔

اور امام ابو بکر بزّار کہتے ہیں: تشہد کے باب میں صحیح ترین حدیث یہی ہے، مزید کہا کہ: اس حدیث کو بیس سے زائد سندوں سے روایت کیا گیا ہے، اور اسی بات کی تائید امام بغوی نے اپنی کتاب "شرح السنۃ" میں کی ہے" انتہی
مندرجہ بالا تفصیل سے یہ معلوم ہوا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت شدہ روایات میں یہی تشہد صحیح ترین ہے۔

لیکن یہ کہنا کہ: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے شب معراج میں سدرۃ المنتہی کے پاس حالتِ سجدہ میں اس تشہد کو پڑھا مجھے اس بارے میں علم نہیں ہے، یہ بالکل بے بنیاد بات ہے کہ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے معراج کی رات سدرة المنتہی کے پاس سجدہ کیا تھا" انتہی
شیخ عبد العزیز بن باز، شیخ عبد الرزاق عفیفی، شیخ عبد اللہ بن غدیان، شیخ عبد اللہ بن قعود۔

"فتاوی اللجنة الدائمة" (7-6/7)

ان تمام باتوں سے معلوم ہوتا ہے کہ غیر ثابت شدہ، یا بدعتی افکار و نظریات وغیرہ پر مشتمل مضامین اور پیغاموں کو شرعی طور نشر کرنا صحیح نہیں ہے، بلکہ کوئی بھی پیغام آگے بھیجنے سے پہلے اس بات کا اطمینان کر لیں کہ اس میں بیان شدہ تمام چیزیں ثابت اور صحیح ہیں۔

اس بارے میں حفص بن عاصم رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (کسی بھی شخص کے جھوٹے ہونے کیلیے یہی کافی ہے کہ وہ ہر سنی سنائی بات آگے بیان کر دے) مسلم: (5)

واللہ اعلم